تشریحی ترجمہ سورۂ اخلاص

ہے مرا اللہ رحمٰن اور رحیم
نام سے کرتا ہوں اس کے ابتدا

اے نبی کہہ دیں کہ اللہ ایک ہے
بے شبیہ و بے نظیر و بے مثال

ذات میں یکتا، یگانہ وصف میں
منفرد ہے میرا ربّ ذوالجلال

قادر مطلق پناہِ خاص و عام
معنی مستغنی، غنی اور بے نیاز

احتیاج و اقتضا سے پاک ہے
میرا وہ حاجت روائے کارساز

اس کو کچھ نسبت نہیں تولید سے
والد و مولود کے انساب سے

اسکی ذاتِ پاک وابستہ نہیں
علت و معلول کے اسباب سے

کوئی خالق اور فاطر اور بدیع
ماسوائے ذاتِ ربّانی، نہیں

انصرام و انتظامِ کائنات
اس کو کچھ وجہِ پریشانی نہیں

وُہ ہے حی لایموت اس کے سوا
اور کوئی ذات لافانی نہیں

میرا رب ہے لاشریک ولاحریف
اس کا کوئی ہمسر و ثانی نہیں

ظہیر مشرقی
۲/۳/۲۷ سیکٹر ۱۱ - اے ایل
نارتھ کراچی، کراچی — ۷۵۸۵۰